آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز اتوار 08 مارچ 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 18

ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا پڑوسی ممالک پر مزید حملے نہ کرنے کا اعلان

ایرانی صدر نے حملے کرنے پر پڑوسی ممالک سے معذرت بھی کی' پڑوسی ممالک پر مزید حملے نہیں کیے جائیں گے

جب تک کوئی دوسرا ملک حملہ نہیں کرتا، ہم بھی حملہ نہیں کریں گے' عبوری لیڈر شپ کونسل نے پڑوسی ممالک کیخلاف کوئی حملہ یا میزائل حملہ نہ کرنیکی منظوری دے دی ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ پڑوسی ممالک پر مزید حملے نہیں کیے جائیں گے، جب تک کوئی دوسرا ملک حملہ نہیں کرتا، ہم بھی حملہ نہیں کریں گے۔ ایرانی صدر نے حملے کرنے پر پڑوسی ممالک سے معذرت بھی کی۔ ایرانی صدر نے یہ بھی کہا کہ عبوری لیڈر شپ کونسل نے پڑوسی ممالک کیخلاف کوئی حملہ یا میزائل حملہ نہ کرنیکی منظوری دے دی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد: خاتون صحافی کی ساتھی عدیل کے خلاف ہراسانی کی شکایت، مقدمہ درج

نیوز روم میں ہراسانی کا معاملہ: 92 نیوز کی صحافی اقصیٰ خالد قانونی کارروائی کے لیے میدان میں آ گئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نجی ٹی وی چینل 92 نیوز کے اسلام آباد آفس سے وابستہ سینئر خاتون صحافی اقصیٰ خالد نے اپنے ساتھی صحافی عدیل کے خلاف مبینہ ہراسانی، دھمکیوں اور بدسلوکی کے الزام میں پولیس میں مقدمہ درج کرا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل کی سعودی وزیر دفاع سے ملاقات، ایرانی میزائل حملے روکنے کیلئے اقدامات پر تبادلہ خیال

ملاقات میں ایرانی ڈرون اور میزائل حملوں سے پیدا اسکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں رہنماں نے حملوں کو روکنے کے لیے اسٹریٹجک دفاعی معاہدے کے تحت اقدامات پر تبادلہ خیال کیا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سعودی عرب کا دورہ کیا اور سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران پر جنگ ایک سروس ہے جو ہم نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کو فراہم کر رہے ہیں، ٹرمپ

ایران بری طرح شکست کھا رہا ہے، ایران نے اپنے پڑوسی ممالک سے معافی مانگ لی ہے اور وعدہ کیا ہے کہ وہ اب ان پر حملے نہیں کرے گا' تقریب سے خطاب

فلوریڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر حملوں میں بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے، جنگوں میں جانی نقصان ہوتا ہے، کوشش ہے کم سے کم جانی نقصان ہو، ایران پر جنگ ایک سروس ہے جو ہم نہ صرف

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس

ضلعی امن کمیٹی کے ممبران نے ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی والدہ کے انتقال پر ان سے تعزیت کا اظہار کیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا جس میں یوم شہادت حضرت علیؓ، رمضان المبارک کے آخری عشرے میں عبادات، طاق راتوں اور

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرولیم ایسوسی ایشن بہاولپور کا ایک اہم اجلاس

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت پیٹرولیم ایسوسی ایشن بہاولپور کا ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی، طلب و رسد کی صورتحال اور عوام کو درپیش خدشات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی خلیل احمد، اسسٹنٹ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمر ایوب، مراد سعید، شبلی فراز اور اظہر کنول سمیت 47 اشتہاریوں کو 10، 10 سال قید کی سزا

انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے 47 اشتہاری ملزمان کو 10، 10 برس قید کی سزا سنادی، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے 9 مئی جی ایچ کیو کیس کا فیصلہ جاری کیا

عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ سزا پانے والے ملزمان جی ایچ کیو گیٹ، حمزہ کیمپ اور آرمی میوزیم پر حملوں میں ملوث پائے گئے، جے آئی ٹی رپورٹ نے ملزمان کو پرتشدد احتجاج کی منصوبہ بندی میں ملوث مرکزی ملزم قرار دیا' فیصلے کے مطابق ملزمان پر 9 مئی کو جلاگھیرا، توڑ پھوڑ، پولیس پر حملوں اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کا الزام ہے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کا فیصلہ جاری کرتے ہوئے 47 اشتہاری ملزمان کو 10، 10 برس قید کی سزا سنادی۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے 9 مئی جی ایچ کیو کیس کا فیصلہ جاری کیا۔ عدالت نے اشتہاری ملزمان کو قید کے ساتھ 5، 5 لاکھ روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی اور ان کی جائیدادیں بھی ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت سے سزا پانے والوں میں عمر ایوب، زرتاج گل، مراد سعید، شبلی فراز، حماد اظہر، نوال شوذب اور راشد شفیق شامل ہیں، اس کے علاوہ شہباز گل، ذلفی بخاری، محمد احمد چٹھہ، رائے حسن نواز، رائے محمد مرتضیٰ بھی ملزمان میں شامل ہیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے شوکت علی بھٹی، عثمان سعید بسرا اور اعجاز خان جازی کو بھی قید اور جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ سزا پانے والے ملزمان

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلع بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی اور پٹرول پمپس کی نگرانی کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک

پٹرول پمپس پر مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی یا غیر قانونی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی ہدایت پر ضلع بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی اور پٹرول پمپس کی نگرانی کے لیے ضلعی انتظامیہ متحرک ہے۔ اس سلسلے میں تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس، پیرا فورس افسران

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر کے مختلف پمپوں پر چھاپے

تیل کی سپلائی کا جائزہ لیا، پیمانے چیک کیے، ایک پٹرول پمپ سیل

پٹرول پمپ مالکان اور اس موقع پر موجود عملہ کو سخت ہدایات دیں کہ ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائے گی' اور نہ ہی عوام کی جیبوں پر کسی کو ڈاکہ ڈالنے دیا جائیگا

احمد پور شرقیہ: اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر مختلف پٹرول پمپ کے دورے کے موقع پر پیمانوں کو اور تیل کے موجودہ اسٹاک کو چیک کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر کے مختلف پمپوں پر چھاپے، تیل کی سپلائی کا جائزہ لیا۔ پیمانے چیک کیے ایک پٹرول پمپ سیل کر دیا۔ تفصیل کے مطابق ڈپٹی کمشنر بہاول پور کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر نوید حیدر نے شہر اور مضافات میں مختلف پٹرول پمپوں پر چھاپے مارے۔ انہوں نے پٹرول پمپوں کی سپلائی چین چیک کی۔ اور پیمانوں کو بھی چیک کیا انہوں نے پٹرول پمپ مالکان اور اس موقع پر موجود عملہ کو سخت ہدایات دیں کہ ذخیرہ اندوزی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اور نہ ہی عوام کی جیبوں پر کسی کو ڈاکہ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی زیر صدارت اجلاس یوم شہادت حضرت علی سکیورٹی اور انتظامی امور کا جائزہ

جمع الوداع اور عید الفطر کے موقع پر

جمع الوداع اور یوم شہادت حضرت علی کے موقع پر مساجد اور امام بارگاہوں کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے جامع اقدامات کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر کی ہدایت کی

اجلاس میں عید الفطر کے موقع پر پارکوں اور تفریحی مقامات پر لگائے جانے والے مینیکل رائڈز اور بڑے جھولوں کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کے اجلاس میں سیکورٹی اور انتظامی امور کا جائزہ لے رہے ہیں۔

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کا جائزہ اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعظم کی معاشی ترقی، سادگی اور بچت پر مبنی لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت

اجلاس میں عالمی سطح پر جاری کشیدگی اور اسکے خطے پر پڑنے والے معاشی اثرات پر بریفنگ دی گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت حالیہ عالمی تناظر میں ملکی معاشی صورتحال پر جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں عالمی سطح پر جاری کشیدگی اور اسکے خطے پر پڑنے والے معاشی اثرات پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے معاشی ترقی، سادگی اور بچت پر مبنی لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت دی۔ وزیر اعظم نے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خطے میں تیل کا ایک بڑا بحران پیدا ہوا ہے' احسن اقبال

جس سے نہ صرف ترقی یافتہ بلکہ ترقی پذیر ممالک بھی متاثر ہو رہے ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے اصلاحاتی اقدامات کے نتیجے میں الحمدللہ روز بروز بہتری دیکھنے میں آ رہی ہے اور معاشی اشاریے مثبت رجحان کی نشاندہی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں تیل کا ایک بڑا بحران پیدا ہوا ہے جس سے نہ صرف ترقی یافتہ بلکہ ترقی پذیر ممالک

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ضلع بھر میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی اور پٹرول پمپس کی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے

موٹر سائیکل پر ایم ٹیگ لگانے کا معاملہ

اسلام آباد ہائیکورٹ کا انتظامیہ سے جواب طلب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ نے موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ لگانے کے معاملے پر اسلام آباد انتظامیہ سے وضاحت طلب کر لی ہے۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس سرفراز ڈوگر نے کیس کی سماعت کے بعد دو صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالتی حکم نامے کے مطابق درخواست گزار نے مؤقف

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پارٹی بنیادوں پر بلدیاتی انتخابات

رکن اسمبلی نے سوالات اٹھا دیے، الیکشن کمیشن کو خط

لاہور (سی ایم لنکس) پنجاب اسمبلی کے رکن شیخ امتیاز محمود نے بلدیاتی انتخابات کے طریقہ کار کے حوالے سے الیکشن کمیشن کو خط ارسال کرتے ہوئے کشیدگی اور اسکے خطے پر پڑنے والے معاشی اثرات پر بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعظم نے معاشی ترقی، سادگی اور بچت پر مبنی لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت دی۔ وزیر اعظم نے انہوں نے پارٹی بنیادوں پر بلدیاتی انتخابات کے اعلان پر سوالات اٹھاتے ہوئے انتخابی طریقہ کار سے متعلق قانونی نکات پر تفصیلات مانگی ہیں۔ شیخ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا طویل دورہ

عید اور مون سون سے قبل زیادہ سے زیادہ ترقیاتی کام مکمل کیے جائیں

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن بلال یاسین نے ضلع گجرات کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈی سی آفس میں اجلاس کی صدارت کی۔ ڈی سی نورالعین قریشی اور ڈی پی او عمر فاروق نے امن و امان سے متعلق انتظامات بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر کی یوم علی سمیت موجودہ صورتحال کے پیش نظر فول پروف

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیر اعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی ملائیشیا کے وزیر خارجہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ملائیشیا کے وزیر خارجہ داتو سری محمد حاجی حسن سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ ہفتہ کو دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور خطے میں امن و استحکام کی امید کا اظہار کیا۔ انہوں نے بدلتی ہوئی صورتحال کے حوالے سے قریبی رابطے میں رہنے پر بھی اتفاق کیا۔

اڈہ ظاہر پیر کے قریب ویلڈنگ کی دوکان میں آگ

جھلسنے والوں میں ندیم، مٹھن، اورنگل بہار شامل ہیں۔ ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اڈہ ظاہر پیر کے قریب ویلڈنگ کی دوکان میں آگ بھڑک اٹھی۔ تین افراد جھلس کر زخمی ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ اڈہ ظاہر پیر کے قریب ویلڈنگ کی دوکان پر ٹریکٹر کی ٹینکی ویلڈنگ کرتے ہوئے اچانک آگ بھڑک اٹھی۔ جس سے اس کی لپیٹ میں آ کر تین افراد جھلس گئے۔ جھلسنے والوں میں ندیم، مٹھن، اورنگل بہار شامل ہیں۔ ریسکیو ٹیم نے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اللہ آباد کی کاروباری شخصیت رانا نعمان المعروف نومی بھائی کا پر تکلف افطار ڈنر

تقریب کے اختتام پر مہمانوں نے میزبان کا شکریہ ادا کیا اور نیک تمناں کا اظہار کیا

اللہ آباد (نامہ نگار) معروف سماجی و کاروباری شخصیت رانا نعمان المعروف نومی بھائی کی جانب سے دوست احباب، معزز سماجی شخصیات اور برادری کے افراد کے اعزاز میں ایک پر تکلف افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رانا نعمان المعروف نومی بھائی نے کہا کہ رمضان المبارک بھائی چارے محبت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پٹرولیم مصنوعات میں ہوشربا اضافہ سے غریب اور متوسط طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوگا جان محمد چوہان، جاوید مغل، ٹرانسپورٹر ماجد

حکمران طبقہ نے اپنے اخراجات کم کرنے کی بجائے آئے روز تیل کے نرخوں میں اضافہ کر کے ان کی زندگی اجیرن کر دی ہے گفتگو

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) (حکومت نے پٹرولیم مصنوعات میں ہوشربا اضافہ کر کے عوام پر مہنگائی کا بم گرا دیا ہے۔ غریب اور متوسط طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہوگا۔ حکمرانوں نے اپنی عیاشیوں کم کرنے کی بجائے سارا بوجھ عوام پر ڈال کر بے حسی کا ثبوت دیا ہے عوامی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر جان محمد چوہان، بزم نقوی کے جنرل سیکرٹری جاوید مغل، ٹرانسپورٹر ماجد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

او چشریف: پٹرول مہنگا ہوتے ہی سوشل میڈیا پر میمز کا طوفان' شہریوں کا مزاحیہ انداز میں ردعمل' سائیکل اور تانگہ استعمال کرنے کے مشورے بھی وائرل۔

ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے

سوشل میڈیا پر بھی دلچسپ اور مزاحیہ میمز کا طوفان آ گیا ہے' شہری مہنگائی اور پٹرول کی بڑھتی قیمتوں پر اپنے منفرد انداز میں ردعمل دیتے ہوئے

ٹوئٹر، فیس بک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نت نئی میمز شیئر کر رہے ہیں جو تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد جہاں عوام میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے وہیں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کے اثرات، کرایوں میں بڑے اضافے کا اعلان

ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 300 سے 600 روپے تک اضافہ کر دیا

لاہور (سی ایم لنکس) پیٹرولیم مصنوعات

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عارف عزیز شیخ کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ غریب عوام پر بم گرانے کے مترادف ہے

مہنگائی کے طوفان کو روکنے کیلئے مثر پالیسی اختیار کی جائے سابق ایم این اے کا مطالبہ

چنی گوٹھ (نامہ نگار) سابق ایم این اے عارف عزیز شیخ نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام پہلے ہی مہنگائی کے شدید بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اور اس صورتحال

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرول یکمشت 55 روپے فی لیٹر مہنگا کرنے کو مسترد کرتے ہیں

ماہ مقدس میں پیٹرول کی قیمت میں اضافے سے عوام کی عید کی خوشیاں ماند پڑ جائیں گی' راجہ پرویز اشرف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پیپلز پارٹی کے رہنما راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پیٹرول یکمشت 55 روپے فی لیٹر مہنگا کرنے کو پیپلز پارٹی مسترد کرتی ہے۔ سابق وزیر اعظم اور پیپلز پارٹی رہنما نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دوسری بار اضافہ انتہائی افسوسناک و قابل مذمت ہے پاکستان پیپلز پارٹی

حافظ حسین احمد مدنی محمد علی احسن اور ملک شاہ محمد چنڑ کا حکومت سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری واپس لینے کے ساتھ ریلیف دینے کا مطالبہ

بہاول پور (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق ٹکٹ ہولڈر حلقہ این اے 168 حافظ حسین احمد مدنی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات پی پی پی جنوبی پنجاب محمد علی احسن اور پاکستان پیپلز پارٹی بہاول پور ڈویژن کے سیکرٹری اطلاعات ملک شاہ محمد چنڑ نے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں فی لیٹر 55 روپے کے بڑے اضافے پر شدید تشویش کا اظہار

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایف ایف سی اور اینگرو کمپنی کا فی بیگ دو سو روپے ڈی اے پی کھاد کے نرخوں میں اضافہ

عالمی مارکیٹ میں ڈی اے پی کھاد کے نرخ 690 ڈالر سے بڑھ کر 740 ڈالر تک پہنچ گئے

آنے والے دنوں میں پیٹرولیم مصنوعات میں اضافہ کی وجہ یوریا کھاد کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو سکتا ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) عالمی مارکیٹ میں ڈی اے پی کھاد کے نرخوں میں اضافہ کے ساتھ ہی ایف ایف سی اور اینگرو کمپنی نے بھی فی بیگ دو سو روپے ڈی اے پی کھاد کے نرخ میں اضافہ کر دیا۔ جس کے بعد ڈی اے پی کے نرخ تیرہ ہزار آٹھ سو روپے فی بوری سے بڑھ کر چودہ ہزار تک پہنچ گئے ہیں۔ جبکہ مارکیٹ میں سونا ڈی اے پی چودہ ہزار ایک سو میں فروخت ہو رہی ہے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرانا پٹرول نئی قیمت پر بیچنا بھی ڈکیتی ہے' محمد سلیم بھٹی

حکمرانوں نے سامراجی آقاں کے بم جیسا پٹرول بم مار کر پاکستان کو فتح کرنے کی کوشش کی ہے' ڈپٹی انفارمیشن سیکریٹری پاکستان پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب

بہاولپور (پ ر) حکمرانوں نے سامراجی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ مسترد

عوام کو ریلیف دیا جائے، حافظ نعیم الرحمٰن

کراچی (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پیٹرولیم مصنوعات میں ہوش ربا اضافہ کو یکسر مسترد کرتے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

بقیہ نمبر 01

ہے مسعود پزشکیان نے دوٹوک کہا کہ ایران امریکا اسرائیل کے سامنے سرنڈر نہیں کرے گا، دشمن کو ایرانی عوام کے ہتھیار ڈالنے کی خواہش کو قبر میں لے جانا پڑے گا۔اس سے پہلے ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے تصدیق کی کہ کچھ دوست ثالثی کی کوشش کر رہے ہیں، ان سے یہی کہا ہے کہ جنہوں نے حملہ کیا ہے ان سے بات کریں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر حملے اس وقت تک جاری رہیں گے جب تک ایران بلاشرط ہتھیار نہیں ڈال دیتا

بقیہ نمبر 02

دیا ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق انصی خالد نے اسلام آباد کے آبپارہ پولیس اسٹیشن میں درج ایف آئی آر میں مقف اختیار کیا ہے کہ ملزم عدیل نے منگنی ختم ہونے کے بعد انہیں مسلسل ہراساں کرنا اور دھمکیاں دینا شروع کر دیں۔ خاتون صحافی کے مطابق ان کے اہل خانہ نے معاملہ حل کرنے کی کوشش کی، تاہم اس کے باوجود ملزم کی جانب سے رابطے اور ہراسانی کا سلسلہ جاری رہا -ایف آئی آر کے مطابق 26 فروری کو صورتحال اس وقت سنگین ہوگئی جب ملزم مبینہ طور پر اسلام آباد میں 92 نیوز کے دفتر پہنچ گیا اور انصی خالد سے بدتمیزی کرتے ہوئے ان کے ساتھ ہاتھا پائی کی۔ خاتون صحافی کے مطابق اس واقعے کے بعد وہ ذہنی دبا اور عدم تحفظ کا شکار ہوگئیں واقعے کے بعد انصی خالد نے پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کی جس پر پولیس اہلکار موقع پر پہنچے اور ملزم سے رابطہ کرنے کی کوشش کی، تاہم وہ فون کا لز کا جواب نہیں دے سکا۔ بعدازاں پولیس نے خاتون صحافی کو باضابطہ شکایت درج کرانے کا مشورہ دیا جس کے بعد آبپارہ تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا یہ معاملہ سوشل میڈیا پر اس وقت توجہ کا مرکز بنا جب صحافی زاہدہ رانے اپنے (ایکس) ٹوئٹر (اکاونٹ پر ایف آئی آر کی کاپی شیئر کرتے ہوئے نیوز رومز میں خواتین صحافیوں کو درپیش ہراسانی کے مسائل کو اجاگر کیا خبر لکھے جانے تک نہ تو ملزم عدیل کی جانب سے کوئی باضابطہ ردعمل سامنے آیا ہے اور نہ ہی 92 نیوز کی انتظامیہ کی طرف سے اس معاملے پر کوئی بیان جاری کیا گیا ہے۔ تاہم صحافتی حلقوں میں اس واقعے نے میڈیا اداروں میں خواتین صحافیوں کے تحفظ اور محفوظ پیشہ ورانہ ماحول کے حوالے سے نئی بحث چھیڑ دی ہے

بقیہ نمبر 03

مشرق وسطی بلکہ پوری دنیا کو فراہم کر رہے ہیں۔امریکی صدر ٹرمپ نے فلوریڈا میں لاطینی امریکی رہنماں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران پر امریکی حملوں سے ایران کی فوجی صلاحیت کو شدید نقصان پہنچا ہے اور اس کی بحریہ، فضائیہ اور مواصلاتی نظام کو بھاری ضرب لگی ہے۔فلوریڈا میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹرمپ نے کہا کہ حالیہ دنوں میں امریکی افواج نے ایران کے 42 بحری جہاز تباہ کردیے ہیں اور ملک کی فضائی طاقت اور ٹیلی کمیونی کیشن کے نظام کا بڑا حصہ ناکارہ بنا دیا ہے۔ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق اس سے قبل امریکی حملوں میں ایران کے جوہری پروگرام سے منسلک تنصیبات کو بھی نشانہ بنایا گیا تھا۔ان کا دعوی تھا کہ حملوں سے پہلے ایران جوہری ہتھیار حاصل کرنے کے قریب پہنچ چکا تھا۔انہوں نے اس کارروائی کو بڑی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان حملوں سے ایران کی فوجی صلاحیت کو فیصلہ کن دھچکا پہنچا ہے۔صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران پر حملوں میں بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے، جنگوں میں جانی نقصان ہوتا ہے، کوشش ہے کم سے کم جانی نقصان ہو۔امریکی صدر نے کہا کہ ایران پر جنگ ایک سروس ہے جو ہم نہ صرف مشرق وسطی بلکہ پوری دنیا کو فراہم کر رہے ہیں جبکہ منشیات فروش گروپوں کے خلاف کارروائیوں کے لیے نیا فوجی اتحاد بنا رہے ہیں۔اس سے قبل سوشل میڈیا پر جاری بیان میں ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ایران بری طرح شکست کھا رہا ہے، ایران نے اپنے پڑوسی ممالک سے معافی مانگ لی ہے اور وعدہ کیا ہیکہ وہ اب ان پر حملے نہیں کرے گا۔ٹرمپ کے مطابق ایران کی جانب سے یہ وعدہ صرف اس لیے کیا گیا ہے کیونکہ امریکا اور اسرائیل کے مسلسل حملوں نے اسے مجبور کر دیا ہے۔ٹرمپ نے دعوی کیا کہ ایران مشرق وسطی پر قبضہ کرکے اس پر حکومت کرنا چاہتا تھا۔

بقیہ نمبر 04

دونوں رہنماں نے ایران کی جانب سے مملکت پر کیے جانے والے ڈرون اور میزائل حملوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والی سکیورٹی صورتحال کی سنگینی اور اسے روکنے کے لیے سٹریٹیجک باہمی دفاعی معاہدے کے تحت مشترکہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔اس بات پر زور دیا گیا کہ بلا اشتعال جارحیت خطے میں امن اور استحکام کے لیے جاری کوششوں کو نقصان پہنچاتی ہے اور تنازعات کے پرامن حل کے امکانات کو کم کر دیتی ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق دونوں جانب سے اس امید اور خواہش کا اظہار بھی کیا گیا کہ برادر ملک ایران دانشمندی اور دوراندیشی کا مظاہرہ کرے گا، غلط اندازے سے گریز کرے گا اور بحران کے پرامن حل کے لیے کوشش کرنے والے دوست ممالک کی کاوشوں کو تقویت دے گا۔اس موقع پر سعودی عرب کی جانب سے سعودی چیف آف جنرل اسٹاف جنرل فیاض بن حامد الروبلی اور وزیر دفاع کے مشیر برائے انٹیلی جنس ہشام بن عبدالعزیز بن سیف بھی موجود تھے، جبکہ پاکستانی وفد میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کے سیکریٹری میجر جنرل محمد جواد طارق شریک تھے۔

بقیہ نمبر 05

کمشنر بہاولپور صدر اور پیٹرولیم ایسوسی ایشن بہاولپور کے عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ ضلع بہاولپور میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی اور اس حوالے سے ضلعی انتظامیہ پوری طرح متحرک ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ کسی کو بھی پیٹرولیم مصنوعات کی ذخیرہ اندوزی یا مقررہ نرخوں سے زائد قیمت پر فروخت کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی ٹیمیں مسلسل پٹرول پمپس کی نگرانی کر رہی ہیں اور کسی بھی خلاف ورزی کی صورت میں سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ اسٹاک کی پڑتال کر رہے ہیں جبکہ ہر پمپ پر دستیاب پیٹرول اور ڈیزل کا مکمل ریکارڈ بھی مرتب کیا جا رہا ہے تاکہ سپلائی اور طلب کی صورتحال کا درست اندازہ لگایا جاسکے۔ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت کی ہے کہ پٹرول پمپس پر مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی یا غیر قانونی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔اس مقصد کے لیے افسران کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ پٹرول پمپس پر دستیاب اسٹاک کا مکمل ریکارڈ مرتب کر کے رپورٹ پیش کریں۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی پٹرول پمپ پر ذخیرہ اندوزی یا سرکاری ہدایات کی خلاف ورزی سامنے آئی تو ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 06

جمعۃ الوداع کے موقع پر سیکورٹی، امن وامان اور انتظامی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں شہریوں کو عبادات کے دوران بہتر سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، سٹریٹ لائٹس کی بہتری اور جلوس و مجالس کے روٹس پر فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کے حوالے سے اہم امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں صدر مرکزی انجمن تاجران سید اسرار حسین شاہ، صدر انجمن تاجران احمد پوری گیٹ اختر لنگا، صدر مرکزی میلاد کمیٹی محمد عبدالرزاق شائق، صدر انجمن تاجران مچھلی بازار خرم شہزاد، جنرل سیکرٹری انجمن حسینیہ احسان اللہ راحت اور صدر انجمن تاجران شاہی بازار میر جمال سمیت ضلعی امن کمیٹی کے دیگر ممبران شریک ہوئے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی خلیل احمد، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن میاں محمد آصف بھی موجود تھے۔ اجلاس میں افواج پاکستان کے شہداء، پنجاب پولیس کے شہداء، کشمیری شہداء، دیگر سیکورٹی اداروں کے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے خصوصی دعا کی گئی جبکہ ملک کی سلامتی، امن اور استحکام کے لیے بھی دعا مانگی گئی۔ قبل ازیں ضلعی امن کمیٹی کے ممبران نے ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا کی والدہ کے انتقال پر ان سے تعزیت کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی۔

بقیہ نمبر 07

، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر انتظامی افسران کو خصوصی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں پٹرول پمپس کی باقاعدہ مانیٹرنگ یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ فیلڈ میں مسلسل موجود رہیں اور شہریوں کو درپیش مسائل کے فوری حل کے لیے مؤثر اقدامات کریں تاکہ ضلع میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا نظام بہتر انداز سے برقرار رکھا جا سکے۔ضلعی انتظامیہ کے افسران فیلڈ میں پٹرول پمپس پر پیٹرولیم مصنوعات کے موجودہ اسٹاک کی پڑتال کر رہے ہیں جبکہ ہر پمپ پر دستیاب پیٹرول اور ڈیزل کا مکمل ریکارڈ بھی مرتب کیا جا رہا ہے تاکہ سپلائی اور طلب کی صورتحال کا درست اندازہ لگایا جاسکے۔ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت کی ہے کہ پٹرول پمپس پر مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی یا غیر قانونی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔اس مقصد کے لیے افسران کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ پٹرول پمپس پر دستیاب اسٹاک کا مکمل ریکارڈ مرتب کر کے رپورٹ پیش کریں۔ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ شہریوں کو پیٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ضلعی انتظامیہ نے خبردار کیا ہے کہ اگر کسی پٹرول پمپ پر ذخیرہ اندوزی یا سرکاری ہدایات کی خلاف ورزی سامنے آئی تو ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 08

جی ایچ کیو گیٹ، حمزہ کیمپ اور آر ٹی میوزیم پر حملوں میں ملوث پائے گئے، جے آئی ٹی رپورٹ نے ملزمان کو پرتشدد احتجاج کی منصوبہ بندی میں ملوث مرکزی ملزم قرار دیا۔فیصلے کے مطابق ملزمان پر 9 مئی کو جلاگھیرا، توڑ پھوڑ، پولیس پر حملوں اور سرکاری املاک کو نقصان پہنچانے کا الزام ہے، مقدمہ میں بانی پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی سمیت 118 ملزمان پر فرد جرم عائد کی گئی، 118 ملزمان پر دسمبر 2024 میں فرد جرم عائد کی گئی۔انسداد دہشتگردی عدالت نے فیصلے میں لکھا کہ مقدمے میں اب تک استغاثا کے کل 44 گواہان کے بیانات ریکارڈ ہو چکے ہیں، 118 ملزمان میں 18 ملزمان دوران ٹرائل عدالت سے مسلسل غیر حاضر پائے گئے، 29 ملزمان مقدمے کے اندراج کے بعد کبھی عدالت میں پیش ہی نہیں ہوئے۔عدالت نے کہا کہ انسداد دہشتگردی ایکٹ کیتحت 47 اشتہاری ملزمان کا علیحدہ ٹرائل چلایا گیا، پراسیکیوشن نے رواں سال 6 جنوری کو اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائی کی درخواست دائر کی، عدالت نے پراسیکیوشن کی درخواست پر انکوائری تشکیل دی، رواں سال 8 جنوری کو 47 مفرور ملزمان کا اشتہار جاری کیا گیا۔عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اشتہاری ملزمان کو 7 دن کیاندر عدالت کیسامنیسرنڈر کرنے کا موقع دیا، عدالتی احکامات اور اشتہار جاری ہونے کے باوجود کوئی ملزم عدالت پیش نہیں ہوا۔عدالت نے اشتہاری ملزمان کے لیے اسٹیٹ کونسل مقرر کرکے ان پر چارج فریم کیا، اس دوران پراسیکیوشن نے 19 گواہان کے بیانات عدالت میں ریکارڈ کرائے جبکہ اسٹیٹ کونسل نے استغاثہ کے گواہان پر جرح بھی کی۔ 47 اشتہاری ملزمان کا ٹرائل مکمل ہونے کے بعد عدالت نے فیصلہ سنایا اور تمام ملزمان کو 10، 10 سال قید، 5، 5 لاکھ روپے جرمانہ اور جائیداد ضبط کرنے کا حکم دے دیا۔یاد رہے کہ 9 مئی جی ایچ کیو حملے کا مقدمہ تھانہ آرائے بازار میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 09

ڈالنے دیا جائے گا۔انہوں نے کہا تمام پٹرول پمپ پٹرول اور ڈیزل کی آمد اور اس کی فروخت کا ریکارڈ مکمل رکھیں۔خلاف ورزی پر سخت قانونی کاروائی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے اس موقع پر خلاف ورزی کرنے پر ایک پٹرول پمپ سیل کردیا۔اس موقع پر ان کے ریڈر محمد شہزاد بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ نمبر 10

منعقد ہوا جس میں یوم شہادت حضرت علیؓ، جمعۃ الوداع اور عیدالفطر 2026 کے موقع پر سیکورٹی اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں آئندہ اہم مذہبی ایام کے پیش نظر ایمرجنسی پلان، فول پروف سیکورٹی انتظامات، سیکورٹی سرویلنس، مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکورٹی، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامی اقدامات پر غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جمعۃ الوداع اور یوم شہادت حضرت علیؓ کے موقع پر مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لیے جامع اقدامات کیے جائیں، جبکہ سیکورٹی ادارے اور متعلقہ محکمے جلوسوں اور اجتماعات کے مقامات پر سویپنگ، مانیٹرنگ اور موثر نگرانی کا نظام قائم کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور حساس مقامات پر سیکورٹی اہلکاروں کی تعیناتی بڑھائی جائے۔ اجلاس میں عیدالفطر کے موقع پر پارکوں اور تفریحی مقامات پر لگائے جانے والے مکینیکل رائڈز اور بڑے جھولوں کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایت کی کہ پی ایچ اے کی اجازت کے بغیر کسی بھی مکینیکل رائڈز یا جھولے کو نصب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پارکوں میں بچوں کی حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام جھولوں اور رائڈز کی عید سے قبل مکمل چیکنگ کی جائے، جس کا حفاظتی سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازمی ہے۔ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ جنرل بس اسٹینڈ بہاول پور پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں اور مسافروں سے زائد کرایہ وصول کرنے کی شکایات کے تدارک کے لیے سخت مانیٹرنگ کی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ اوورچارجنگ کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف فوری کارروائی اور جرمانے عائد کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ تمام بس اڈوں اور ٹرانسپورٹ اڈوں پر کرایہ نامے نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں تاکہ مسافروں کو مقررہ کرایوں سے آگاہی حاصل ہو اور کسی قسم کی زیادتی نہ ہو۔اجلاس میں سیکرٹری ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 باقر حسین نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ عیدالفطر کے موقع پر ضلع بھر میں مجموعی طور پر 414 مقامات پر نماز عید کے اجتماعات منعقد ہوں گے۔ ان میں سے 24 اجتماعات کیٹگری اے، 58 اجتماعات کیٹگری بی اور 332 اجتماعات کیٹگری سی میں شامل ہیں۔ انہوں نے بریفنگ میں مزید بتایا کہ تحصیل بہاولپور سٹی اور صدر میں مجموعی طور پر 137 مقامات پر نماز عید کے اجتماعات منعقد ہوں گے جبکہ تحصیل احمد پور شرقیہ میں 144 اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ اسی طرح تحصیل کلورکوٹ میں 66، تحصیل یزمان میں 43 اور تحصیل خیر پور ٹامیوالی میں 24 مقامات پر نماز عید کے اجتماعات ہوں گے جن کے لیے سیکورٹی اور ایمرجنسی انتظامات مکمل کیے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ ادارے بین المحکماتی رابطے کو مؤثر بناتے ہوئے ایمرجنسی رسپانس پلان کو فعال بنائیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جا سکے اور عوام کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔اس موقع پر اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور شرقی خلیل احمد، اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور صدر حمزہ احتشام اور متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے۔

بقیہ نمبر 11

کشیدگی کی وجہ سے عالمی سطح پر موجودہ معاشی دباؤ کے پیش نظر سادگی و بچت پر مبنی لائحہ عمل تشکیل دینے کی ہدایت کی اور کہا کہ آئندہ 48 گھنٹوں میں اس حوالے سے قابل عمل تجاویز پیش کی جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایت دی کہ لائحہ عمل میں عوام پر نہ صرف بوجھ کم سے کم ہو بلکہ عوامی ریلیف کو اولین ترجیح دی جائے۔ وزیر اعظم کو اس حوالے سے فعال کمیٹی نے بریفنگ دی، وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے سے ہی حالیہ کشیدگی کے عالمی سطح پر معاشی اثرات کا جائزہ لینے کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی تھی جو اس حوالے سے لائحہ عمل پر کام کر رہی تھی، جس کی وجہ سے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی کمی پیدا نہیں ہوئی۔ بریفنگ کے مطابق گزشتہ روز پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافہ کمیٹی کی تجویز پر ہوا، جس میں عالمی سطح پر اضافے کا کم سے کم بوجھ صارفین پر منتقل کیا گیا۔ وزیراعظم نے کمیٹی کو مزید فعال طور پر کام کرنے اور جلد از جلد اپنی عوام کے لیے سہل اور قابل عمل سفارشات پیش کرنے کی ہدایت کی، جو پٹرول پمپ یا کمپنی بھی مصنوعی قلت پیدا کرنے یا ذخیرہ اندوزی میں ملوث پائی گئی ہو، اسکو فورا بند کیا جائے اور اسکا لائسنس منسوخ کرکے قانونی کاروائی کی جائے۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ اور وزیر پیٹرولیم کو ہدایت کہ وہ چاروں صوبوں کا دورہ کریں اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر پیٹرولیم مصنوعات کی بچت اور ان کی عوام کو بلاتعطل فراہمی کے حوالے سے لائحہ عمل و منصوبہ بندی تیار کریں۔

بقیہ نمبر 12

بھی متاثر ہو رہے ہیں۔احسن اقبال نے کہا کہ آنے والے دنوں میں واضح ہو جائے گا کہ تیل کی قیمتوں میں آئندہ چند ماہ کے دوران کس حد تک اضافہ ہوتا ہے۔انہوں نے قوم سے اپیل کی کہ ایک ذمہ دار قوم ہونے کے ناطے غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے اور جہاں ممکن ہو ایک خاندان دو یا تین گاڑیوں کے بجائے ایک گاڑی استعمال کرے تاکہ ایندھن کی بچت ممکن ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے ہر پاکستانی کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ ہم بطور قوم اس ممکنہ بحران کے اثرات سے کامیابی سے نکل سکیں۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ قیمتوں کے استحکام کو یقینی بنانے کے لیے نیشنل پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کے باقاعدہ اجلاس منعقد کیے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں ضروری اشیاء صرف مہنگائی میں مزید اضافے کا باعث بنے گا بلکہ اس کے اثرات ہر طبقہ فکر تک پہنچیں گے۔ عارف عزیز شیخ نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے فوری طور پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ واپس لے اور عوام کو ریلیف فراہم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے معاشی حالات کے پیش نظر ایسے فیصلوں سے گریز کیا جانا چاہیے جو عام آدمی کیلئے مزید مشکلات پیدا کریں۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں اور مہنگائی کے طوفان کو روکنے کیلئے موثر پالیسی اختیار کی جائے تاکہ عوام کو کچھ ریلیف مل سکے۔

بقیہ نمبر 13

اس اضافے کی بنیادی وجوہات ریموٹ ڈیجیٹل سروسز، مالیاتی اور ٹرانسپورٹ خدمات کی توسیع اور بین الاقوامی مالیاتی و بیمہ خدمات میں اضافہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ مالی سال کے پہلے آٹھ ماہ (جولائی تا فروری) کے دوران 585 ارب روپے کے ترقیاتی منصوبوں کی منظوری دی گئی جبکہ 403 ارب روپے کی فنڈنگ منظور کی گئی، جو ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد میں مستحکم پیش رفت کی نشاندہی کرتی ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ ملک میں پی ایس ڈی پی کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تسلی بخش کام جاری ہے اور حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ تمام منصوبے بروقت مکمل کیے جائیں۔ جولائی تا فروری 2025-26 کے دوران پی ایس ڈی پی کے فنڈز کے استعمال کی شرح 36 فیصد رہی جو گزشتہ سال اسی عرصے میں 20 فیصد تھی، جس سے ترقیاتی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ظاہر ہوتا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ ترقیاتی شعبے میں سی ڈی ڈبلیو پی نے چار منصوبے پوزیشن پیپر سمیت منظور کیے جبکہ پانچ منصوبے ایکنک کو حتمی منظوری کے لیے بھیجے گئے۔ حال ہی میں منظور شدہ منصوبوں سے تقریباً 18 ہزار 366 براہِ راست اور 7 ہزار 320 بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔احسن اقبال نے کہا کہ جولائی تا جنوری 2025-26 کے دوران ترقیاتی منصوبوں میں لاگت کی مؤثر نگرانی کے باعث 9.9 ارب روپے کی بچت ممکن ہوئی جو منصوبہ بندی میں احتیاط اور بہتر کارکردگی کی عکاسی کرتی ہے۔ جنوری 2026 میں وزارت نے 16 منصوبوں کی نگرانی اور 5 منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا تاکہ مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ پاکستان اور قازقستان کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت پانچ سالہ روڈ میپ کی تیاری کے لیے ایک ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے جس کا پہلا اجلاس 24 فروری 2026 کو منعقد ہوا، جس میں تجارتی اور اقتصادی تعاون کے اہم شعبوں کی نشاندہی کی گئی۔انہوں نے مزید کہا کہ 16 فروری 2026 کو اسلامی ترقیاتی بینک کے ساتھ ایک ورچوئل اجلاس منعقد ہوا جس میں رکن ممالک کے لیے پارٹنرشپ اسٹریٹجی 2026 تا 2030 کی تیاری کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔

بقیہ نمبر 14

اضافے پر بیان میں کہا ہے کہ ہماری جماعت پیٹرول کی قیمت میں اضافے کے خلاف پارلیمنٹ میں آواز اٹھائے گی۔انہوں نے کہا کہ ماہ مقدس میں پیٹرول کی قیمت میں اضافے سے عوام کی عید کی خوشیاں ماند پڑ جائیں گی، حکومت کو قیمتوں میں اضافے سے قبل عوام کو متبادل ریلیف کا پروگرام دینا چاہیے تھا۔راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ پیٹرول منہگا کرنے پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جانا چاہیے تھا۔انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے منہگائی کا نیا طوفان آئے گا، حکومت گورننس مانیٹرنگ سیل قائم کرے۔

بقیہ نمبر 15

اختیار کیا ہے کہ موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ لگوانے کا عمل کسی واضح قانونی بنیاد کے بغیر شروع کیا گیا ہے۔درخواست میں مؤقف اپنایا گیا کہ شہریوں کو پابند کیا جا رہا ہے کہ وہ اپنی موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ نصب کروائیں، حالانکہ اس حوالے سے کوئی باقاعدہ قانون یا ضابطہ موجود نہیں۔درخواست گزار نے عدالت سے استدعا کی کہ موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ لگانے کے اقدام کو غیر قانونی قرار دیا جائے اور انتظامیہ کو شہریوں پر ایسی پابندی عائد کرنے سے روکا جائے، عدالت نے ابتدائی دلائل سننے کے بعد اسلام آباد انتظامیہ کو معاملے پر تفصیلی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔تحریری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد انتظامیہ اس معاملے سے متعلق اپنی رپورٹ سات دن کے اندر عدالت میں جمع کرائے۔عدالت نے یہ بھی ہدایت کی کہ سرکاری لا افسر متعلقہ حکام سے مکمل تفصیلات حاصل کر کے عدالت کی معاونت کریں تاکہ اس معاملے کے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لیا جا سکے۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے مزید سماعت 16 مارچ تک ملتوی کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ انتظامیہ اپنی رپورٹ میں یہ بھی بتائے کہ موٹر سائیکلوں پر ایم ٹیگ لگانے کا فیصلہ کس قانون یا پالیسی کے تحت کیا گیا۔

بقیہ نمبر 16

افتیاز محمود نے اپنے خط میں کہا کہ ایک یو سی میں 9 کونسلرز کے لیے ایک ہی پارٹی نشان کیسے دیا جائے گا۔انہوں نے سوال اٹھایا کہ ایک ہی پارٹی نشان پر متعدد امیدواروں کے انتخاب کا طریقہ کار کیا ہوگا اور اس حوالے سے واضح رہنمائی فراہم کی جائے۔انہوں نے کہا کہ لاہور ہائیکورٹ میں زیر سماعت درخواست کے تناظر میں الیکشن کمیشن سے فوری وضاحت ضروری ہے تاکہ بلدیاتی انتخابات کے طریقہ کار کو واضح کیا جا سکے۔شیخ امتیاز محمود نے اپنے خط میں مزید کہا کہ شفاف انتخابات کے انعقاد کے لیے انتخابی قوانین اور ضابطوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے اور اس بات کی وضاحت کی جائے کہ ایک یونین کونسل میں متعدد امیدواروں کے لیے پارٹی نشان کے استعمال کا اعلان کیوں نہیں کرتے؟ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکومت نے بجائے پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی اور ٹیکسز کم کرنے کی بجائے پٹرول، ڈیزل کی قیمت میں 55 روپے فی لیٹر کا تباہ کن اضافہ کرکے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا ہے۔ عالمی مارکیٹ میں گزشتہ مہینوں تیل کی قیمت 5 سال کی کم ترین سطح پر آئی تو حکومت نے عوام کو پورا ریلیف دینے کے بجائے لیوی بڑھا دی اور اب قیمت میں ردوبدل ہو رہا ہے تو فوری طور پر سارا بوجھ عوام پر ڈالا جا رہا ہے، یہ ناقابل قبول ہے۔

بقیہ نمبر 17

کیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ کو مکمل طور پر مسترد کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں دوسری بار اضافہ انتہائی افسوسناک و قابل مذمت ہے اور اس اضافے سے منہگائی کی نئی لہر آئے گی جبکہ عوام کی مشکلات مزید بڑھیں گی۔انہوں نے کہا کہ حکومتی دعوں کے مطابق 28 دنوں کا اسٹاک موجود ہونے کے باوجود عجلت میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے حکومت نے اپنی اور پٹرولیم مافیا کی تجوریاں بھری ہیں جبکہ منہگائی کے مارے عوام کی پیٹھ میں چھرا گھونپا ہے۔انہوں نے حکومت سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری واپس لینے کے ساتھ ریلیف دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 18

سیکورٹی یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔انہوں نے شہر میں جاری سیوریج اور ڈرینج منصوبوں کی رفتار و معیار کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا کاشان حفیظ بٹ نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جاری منصوبوں پر بریفنگ دی۔صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ عید اور مون سون سے قبل زیادہ سے زیادہ ترقیاتی کام مکمل کیے جائیں۔منصوبوں کی رفتار تیز کرنے اور واسا کی باقی ماندہ مشینری کی فراہمی کیلئے فوری فالواپ کی ہدایت کی۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے سروس موڑ ڈسپوزل اسٹیشن پر حفاظتی اقدامات مزید بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔صوبائی وزیر نے مختلف ترقیاتی سائٹس کا دورہ کرتے ہوئے سیوریج و ڈرینج منصوبوں کا معائنہ کیا۔اسٹیڈیم ڈسپوزل اسٹیشن، آر سی سی پائپ مینوفیکچرنگ، ایچ ڈی پی ای پائپ لائن اور ڈی سلٹنگ کے زیر تکمیل منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے واضح کی